# نوحہ

غم حسینؑ میں آنسو جو ہم بہائیں گے
بروز حشر ہمارے یہ کام آئیں گے

دُر نایاب ہیں یہ اشک پوچھ بی بی سے
تو دیکھ لے گا یہ قیمت بہت ہی پائیں گے

علیؑ کے لعل کو رولیں یہ ہے حدیث رسولﷺ
کہ سوگوار ہی خُلد بریں میں جائیں گے

میرے حسینؑ کے ماتم کو روکنے والے
رسول پاکﷺ کو کیسے یہ منہ دکھائیں گے

بتولؑ ہوں گی نہ راضی علیؑ بھی ہوں گے خفا
عدو شبیرؑ کے جنت کی بُو نہ پائیں گے

سدا یہ ہوں گی مجالس کریں گے ہم ماتم
علم عباسؑ کا سرور یونہی اٹھائیں گے